## سوال

(652) دوسری رکعت کےلیے آٹا گوندھنے والی کیفیت اختیار کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ دوسری یاتیسری رکعت کےلیے اٹھتے ہیں توہاتھ اس طرح رکھتے ہیں جیسے آٹا گوندھنے والی رکھتی ہے۔ اس طرز کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز میں قیام کےلیے اٹھتے وقت آٹا گوندھنے کی کیفیت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی روایت میں رسول ا صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل سے منقول ہے۔ جس طرح کہ حربی نے ''غریب الحدیث'' میں روایت کیا ہے۔ علامہ البانی نے اس حدیث کی سند کو جید قرار دیا ہے۔ زاد المعاد کے محققین نے صالح کہا ہے۔ الأحادیث الضعیفہ: ۳۹۲/۲، زاد المعاد: ۲۴۰/۱

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 564

محدث فتویٰ